# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

mpchs

آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ

Ref: MPCHS/MC/TG/NL/45
7th March, 2016




# ملٹی نیوز لیٹر

## مارچ 2016



خوبصورت لینڈسکیپنگ

## ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 اسلام آباد

معزز ممبران السلام علیکم!

جی ٹی روڈ ترنول ریلوے پھاٹک سے تھوڑے سے فاصلے پر مین فتح جنگ روڈ N-80 اسلام آباد پر واقع ایک خوبصورت رہائشی ہاؤسنگ سکیم **ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 اسلام آباد** آج کل لوگوں کی دلچسپی کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ خوبصورت لے آؤٹ پلان، کشادہ سڑکیں، سرسبز ماحول، معیاری ترقیاتی کام، زیرزمین بجلی، PTCL ٹیلی فون کی سہولت، سوئی گیس، سکیم کے اطراف میں خاردار تار سے مزین چار دیواری، عالی شان مسجد، بچوں کے جدید خوبصورت جھولے اور کھلا کھلا ماحول اپنے اندر بے پناہ کشش رکھتا ہے اس لئے ہر شخص یہاں رہائش پذیر ہونا چاہتا ہے۔ آنے والا شخص ان تمام خوبیوں کو جب دیکھتا ہے تو وہاں موجود ہسپتال، واٹر فلٹریشن پلانٹ اور انتہائی محفوظ پرسکون زندگی کا ماحول اسے متاثر کیے بغیر نہیں رہتا۔ اس سکیم کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ CDA کے زون II کی واحد مکمل سکیم ہے جس کی زمین کی خریداری سے لیکر تمام ترقیاتی کاموں کی تکمیل تک CDA اور حکومتِ پاکستان کے تمام اِداروں کے قواعد وضوابط اور مطلوبہ منظوریاں حاصل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج یہ سکیم دیگر تمام سوسائٹیوں اور تمام تعمیراتی سکیموں کے لئے ایک مثال ہے۔ سڑکوں اور گلیوں کی کشادگی، ٹریفک کے فی زمانہ تقاضوں کے مطابق رکھی گئی ہے۔ جو مستقبل میں ٹریفک کے دباؤ کو برداشت کر سکے۔ سٹریٹ لائٹ، توانائی، بچت کے اصولوں کے مطابق ہے۔ جو ہر وقت اندھیرا بھی دور کر سکے اور خوبصورتی کے ساتھ ساتھ کفایت شعاری کو بھی یقینی بنا سکے۔ غرض یہ کہ آج اس سکیم میں رہائش پذیر بہت بڑی آبادی کو اپنی ضروریاتِ زندگی بشمول تعلیم اور صحت ایک محفوظ اور خوشگوار زندگی گزارنے کے لئے کسی دوسری جگہ جانا نہیں پڑتا۔

## اسلام آباد ایئرپورٹ اور ترنول انٹرچینج

فتح جنگ روڈ کو دورویہ بنانے کے احکامات جاری ہو چکے ہیں۔ جبکہ اسلام آباد کا نیا بین الاقوامی ہوائی اڈہ امید ہے کہ آئندہ سال پوری طرح سے فعال ہو جائے گا۔ موٹروے پہلے ہی اس سکیم کے پہلو سے گزر رہی ہے اور اس کے ساتھ ہی موٹروے پر ترنول انٹرچینج موجود ہے، جس کی وجہ سے پشاور اور لاہور سے آنے والے لوگ براہِ راست F-17 سکیم اسلام آباد میں داخل ہو سکتے ہیں۔ یہ سکیم اپنی مثال آپ ہے۔ جہاں رہائش پذیر ہونا ہر ایک کا خواب ہے۔ سکیم میں جائیداد کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے اور شاید مستقبل قریب میں عام لوگوں کے لئے یہاں جائیداد خریدنا ایک خواب بن جائے۔ ترقیاتی کاموں کے معیار میں کسی بھی سطح پر سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ اس دوران بے حد مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ مہنگائی کی صورتحال نے تمام اندازے غلط ثابت کر



جامع مسجد بلالؓ



بچوں کیلئے خوبصورت پارک وجھولے

F-17




Atlantis Mall خوبصورت

دیئے لیکن انتظامیہ کی بھرپور کوشش رہی کہ ترقیاتی کاموں کے تسلسل میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ سوسائٹی اپنے وعدے پورے کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج سوسائٹی کی یہ سکیم آپ کی رہائش کی منتظر ہے۔ سوسائٹی نے ایک لمبے عرصے سے سیکٹر مکمل طور پر ڈیویلپ کر دیا ہے اور 350 سے زیادہ لوگ گھر بنا کر وہاں رہائش پذیر ہیں۔ گھر نہ بنانے والے ممبران سے مورخہ 01-05-2016 سے لیٹ کنسٹرکشن چارجز مبلغ -/1000 روپیہ ماہانہ وصول کیے جائیں گے۔ انتظامیہ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ آپکو ہر وہ سہولت مہیا کی جائے جو آج کے دور کی متقاضی ہے۔ یہ سب اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ اپنے بقایاجات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں اور اپنے پلاٹوں کا قبضہ حاصل کر کے جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کر دیں۔ انتظامیہ آپکے اس عمل میں آپکا بھرپور ساتھ دے گی۔

## Atlantis Mall اور کمرشل ایریا

آج کل ایک زیر تعمیر کثیر لاگت Atlantis Mall نے لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو اپنی جانب راغب کیا ہوا ہے۔ Atlantis Mall میں آج کے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بے شمار خصوصیات رکھی گئی ہیں۔ چیدہ چیدہ خصوصیات 900 کے قریب دکانیں، 185 رہائشی فلیٹس، چار 3D سینماز، سوئمنگ پول، بچوں کیلئے تفریح گاہ وغیرہ شامل ہیں۔ نیز ڈویلپر کی یہ کوشش ہے کہ چار سال کے قلیل عرصے میں یہ مال تعمیر ہو جائے۔ زون II میں یہ اپنی نوعیت کا واحد بڑا اور جدید پراجیکٹ ہے۔ اس کے ساتھ ہی کمرشل مرکز میں بھی تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیں اور کئی پلازے مکمل ہو چکے ہیں۔ جن میں بنک آف دی پنجاب کی برانچ نے باقاعدہ طور پر کام شروع کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ کئی بڑے بڑے سٹورز کی چین بھی کھل چکی ہیں۔



گھروں کا خوبصورت منظر



ملٹی سہولیاتی مرکز/ملٹی میڈیکل سنٹر




بنک آف پنجاب کی برانچ

## صفائی وستھرائی

F-17 سکیم میں رہائشیوں کی سہولت کے لئے اعلیٰ معیار کی صفائی کی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ سکیم میں رہائش پذیر ممبران سے بھی گذارش ہے کہ صفائی وستھرائی والے عملے سے ہر ممکن تعاون کریں اور کوڑا کرکٹ گھر سے باہر مت پھینکیں۔ کوڑا روزانہ آنے والے صفائی کے عملے کو دیں تا کہ اس کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگایا جا سکے۔ صاف ستھرا ماحول آپ کی اور آپ کے بچوں کی صحت کا ضامن ہے۔

## بہترین سیکیورٹی

پوری سکیم کے ارد گرد سیکیورٹی دیوار خار دار تار سے مزین ہے۔ اس کے علاوہ پوری سکیم میں CCTV کیمرہ نصب کئے گئے ہیں اور ان CCTV کیمروں کی مدد سے سیکیورٹی روم میں سکیم کی 24 گھنٹے نگرانی کی جاتی ہے۔ باوردی سیکیورٹی گارڈز کو نگرانی کیلئے گاڑیاں اور موٹر سائیکل فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ سیکیورٹی کا عملہ دن رات چوکس رہتا ہے اور سیکیورٹی کی گاڑیاں خصوصاً پوری رات سکیم میں گشت کرتی رہتی ہیں۔ سکیم میں انٹری گیٹ پر باوردی سیکورٹی گارڈز 24 گھنٹے موجود رہتے ہیں جو ہر آنے والی گاڑیوں کو مکمل جانچ پڑتال کے بعد سکیم میں داخل ہونے دیتے ہیں۔ ممبران سے گزارش ہے کہ سیکیورٹی کے عملہ سے ہر ممکن تعاون کریں تا کہ شرپسند اور ناپسندیدہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کی نشاندہی اور قلع قمع کیا جا سکے۔

## بقایاجات کی ادائیگی

سوسائٹی ممبران کے لئے سہولتیں تبھی بہتر طور پر مہیا کر سکتی ہے۔ اگر ممبران اپنے ذمہ واجب الادا بقایاجات بروقت ادا کریں۔ بقایاجات ادا کرنے کی آخری تاریخ میں **8 اپریل 2016ء بروز جمعہ** تک توسیع کر دی گئی ہے۔ یہ آخری توسیع ہو گی جس کے بعد نادہندگان کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ منسوخ کر دی جائے گی۔ اپنے بقایاجات **8 اپریل 2016ء بروز جمعہ** سے پہلے بذریعہ پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام **"ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی"** ملٹی مینشن، **G-8** مرکز، اسلام آباد میں جمع کروا دیں یا پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ سوسائٹی ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/ **TCS** بھجوا دیں۔ پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ کی پشت پر اپنا ممبرشپ نمبر لکھنا نہ بھولیں۔

## ممبران کی سہولت کیلئے

ممبران کی سہولت کے لئے سائٹ آفس بنا دیا گیا ہے۔ جس کے لئے آپ **051-2575338**، **0324-5048490** ان نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ای میل، موبائل نمبر اور ایڈریس کی تبدیلی کی صورت میں عامر ایاز علی منیجر **IT** سے آفس رابطہ نمبر **051-2253470 Ext:124** اور موبائل نمبر **0300-5276817** پر فوری رابطہ کریں تا کہ آپ سے رابطہ کرنے میں آسانی ہو سکے۔


# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی

ملٹی مینشن G-8 مرکز، اسلام آباد، پاکستان ۔ فون نمبر: 2253470, 051-2261204 ۔ یو اے این: 051-111-631-632

ویب سائٹ: www.mpchs.com ای میل: info@mpchs.com (عامر ایاز) 0300-5276817 (ثاقب) 0313-5050301